Mr. Sikandar Hayat Khan: Thank you, Mr. Speaker Sir. I would like to draw the honorable Assembly attention to a very important issue which received media coverage in papers. The issue at hand is that Chinese investors have shown their displeasure in the Provincial Government, who is creating hurdle rather than facilitating these investors. As known to all, Khyber Pakhtunkhwa already has an alarming law and order situation, which is drawing investors away from the Province. If the law and order situation is coupled with a non welcoming attitude by the government, this will

lead towards unemployment and instability within the Province. These serious investors, if not assisted, would shift their assets to another Province instead. Attached are two News Papers cuttings, highlighting the said issue. Hence, I would ask the Chair to adjourn the routine proceedings and debate over this very important issue.

جناب قائمقام سپیکر: مسٹر ضیاء اللہ آفریدی صاحب۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: جی، اچھا ٹھیک ہے۔ میڈم ثوبیہ شاہد، پلیز، ثوبیہ شاہد، پلیز۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: اس نے پڑھ لیا، میں Withdraw کرتی ہوں اور دوسری بات، مجھے اس میں انفارمیشن ملی ہے کہ ان لوگوں نے، آگے سے یہ جو چائنیز تھے ان لوگوں نے ادھر غلط کام کئے تو گورنمنٹ کو میں Appreciate بھی کرتی ہوں اس کام پہ اور یہ ریکویسٹ بھی کرتی ہوں سی ایم صاحب سے کہ ان کا جو ہے، وہ کینسل کرادیں جو ان کا ایگریمنٹ ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: ٹھیک ہے جی۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: اور ان کا وہ ہے، اس کو کینسل کرا لیں۔

جناب قائمقام سپیکر: ٹھیک ہے، آپ Withdraw ہیں جی، میڈم! آپ Withdraw کرتی ہیں ایسی؟ ٹھیک ہے۔ میڈم انیسہ زیب۔

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر!

Mr. Acting Speaker: Ji, Sikandar Hayat Khan Sherpao, on behalf of Anisa Zeb. Thank you.

Ms. Anisa Zeb Tahirkheli: Thank you, Mr. Speaker Sir. I would like to draw the honorable Assembly attention to a very important issue, which received media coverage in papers. The issue at hand is that Chinese investors have shown their displeasure in the Provincial Government, which is creating hurdles rather than facilitating these investors. As known to all, Khyber Pakhtunkhwa already has an alarming law and order situation, which is drawing investors away from the Province. If the law and order situation is coupled with a non welcoming attitude by the government, this will lead towards unemployment and instability within the Province. These serious investors, if not assisted, would shift their assets to another Province instead. Attached are two News Papers cuttings,

highlighting the said issue. Hence, I would ask the Chair to adjourn the routine proceedings and debate over this very important issue. Sikandar Hiyat Khan, the co-mover, has alrady moved. This is a very grave situation، جناب سپیکر! یہ انتہائی ایک ایسی حالت ہے کہ جس میں مجھے تو ابھی نظر نہیں آ رہا ہے کہ اس میں کوئی، خیر خود چیف منسٹر صاحب موجود ہیں لیکن جناب سپیکر! یہ بہت، تو فوراً اس پر ڈیبیٹ ہونی چاہیئے اور یہ بتانا چاہیئے کیونکہ اس سے اس صوبے کے مفادات انتہائی شدید متاثر ہو رہے ہیں اور میرا خیال ہے کہ اس سے پہلے بھی ایسی سیچویشن ہوئی ہے جس کی وجہ سے یہاں پہ Investors جو ہیں، نہ صرف ان کے لئے مشکلات پیدا ہوئی ہیں، ان کے راستے میں کافی روڑے اٹکائے گئے ہیں اور وہ یہاں سے پھر اپنا جو بھی سرمایہ ہے، وہ دوسری طرف لے جا رہے ہیں۔ تو یہ میں سمجھتی ہوں کہ اس وقت معمول کی کارروائی کو روک کر اس مسئلے پر بحث کرنا انتہائی ضروری ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: مسٹر سکندر حیات خان شیرپاؤ۔

جناب سکندر حیات خان: زه ستاسو مشکور یم جناب سپیکر! چې تاسو ماله موقع راکړه۔ بنیادی طور باندې جناب سپیکر! د دې ایډجرنمنټ موشن په دې هاؤس کښې د راوستلو بنیادی مقصد دا وو چې چونکه زمونږ صوبه چې اوګورو نو د ډیرو سختو حالاتو نه تیریږی او جناب سپیکر! د لاء اینډ آرډر سیچویشن چې کوم دے ، بیا چې کوم دلته کښې د انفرا سټرکچر کوم سیچویشن دے ، بیاد غه شان دلته کښې چې کوم اکنامک سیچویشن دے نو په هغې کښې د دې ضرورت دے چې دلته کښې انوسټرز راشی او مونږ داسې Environment create کړو چې خلق راشی او زمونږ دې صوبې کښې انوسټ کړی او د هغې اثر چې دے هغه به بیا عامو خلقو ته به رسی خوجناب سپیکر! د افسوس خبره دا ده چې یو طرف ته حکومت د دې دعوې کوی چې یره مونږ انوسټرز Inviteکوؤ لګیا یو او مونږ داسې Environment create کوؤ چې هغې کښې به بنه خلق راځی او دلته کښې به ډیر لوئې انوسمنټ کیږی او بل خوا ته چې ګورو نو هغه خلق چې چا دلته کښې Already انوسمنټ کړے دے نو هغوی ته دوئ مشکلات Createکوی لګیا دی او د هغې په نتیجه کښې هغه خلق دې ته مجبوروی چې هغوی د دې ځائې نه لاړ شی یا هغوی له نور داسې قسمه Hurdles create کوی۔ جناب سپیکر، د دې یو خو میسج چې دے هغه میسج ټهیک نه ځی ځکه چې که اوګورو

نو که یو کس هم د دې ځائې نه چې تاسو واپس کړئ د هغې دا دغه نه دے چې دا یو صرف کس د دې ځائې نه لاړو، د هغې هغه آواز چې دے هغه ډیر لرې پورې ځی او سبا به بیا نور هډو څوک راځی نه، او دلته کښې به هډو انوسمنټ کوی نه. ماته پته ده دلته کښې منسټرصاحب موجود دے، دوئ به د دې جواب راکوی به او کیدے شی چې په هغه فرم باندې څه الزامات هم لګوی خو زه دا دغه کوم جناب سپیکر! دا کومه پالیسی چې کومه مونږ جوړه کړې ده، دا کوم طریقې سره چې مونږ دا سلسله روانه کړې ده، هغه سلسله او هغه پالیسی ټهیک نه ده جناب سپیکر! که مونږ اوګورو نو تقریباً دا دے یو کال تیر شو، اوسه پورې یو نوے لیز نه دے ورکړے شوے بلکه هلته کښې ټول لیزز باندې پابندی لګولې شوې ده جناب سپیکر! بیا Already چې کوم لیزز ورکړی شوی دی، د هغې خلقو ته مختلف طریقو سره، د هغوی داسې حربے استعمالیږی چې هغوی د څه نا څه طریقې سره لاړ شی، هغه خپل هغه لیز د پریږدی. بیا مختلف دلته کښې د دغې علاقې ممبران هم موجود دی، هغوی به هم تاسو ته دا خبره کوی چې یره دوئ مجبوره کړے شوی دی چې لیز نه انوسمنټ د لاړ شی او جناب سپیکر! د دې اثر به څه کیږی ؟ د دې اثر به دا کیږی جناب سپیکر! چې بیا به څوک هډو راځی نه، هغوی به وائی چې یره دلته کښې داسې Environment دے، دلته کښې داسې قسمه مونږPolicies adopt کړې دی چې د انوسمنټ د پاره به څوک بیا دلته کښې هډو Approach نه کوی جناب سپیکر! د دې به ډیر خراب اثر پریوځی جناب سپیکر! بیا ورسره ورسره جناب سپیکر! په دیکښې یو عجیبه خبره دا ده چې دیکښې دې انچارج منسټر باندې یو دغه شوے دے چې یره هغه Influence کوی نو یو طرف ته پی ټی آئی دا Claim کوی چې یره مونږ Political interference ختم کړو، اوس هغه شانInterference به نه وی او بل خوا ته داسې قسمه خبره راځی مخامخ نو جناب سپیکر! دې سره ټولو عوامو کښې تشویش پیدا دے او زه په دغې حوالے سره دا ګنړم چې دا پکار دے چې په دې باندې تفصیلی بحث هم اوشی او هغه Actual matter چې دے او Actual truth چې دے، هغه د مخامخ راشی. که دیکښې هغه انوسټرز If they are at fault پکار دا ده چې د هغوی خلاف کارروائی شوې وے، د هغوی لائسنس کینسل

شوے وے ، د هغوی دغه شوے وے خو چې هغه هم نه کیږی او دلته کښې دا یو دغه کیږی چې یره صرف د هغوی کار کښې Hurdles اچولې کیږی او هغوی ته Approval نه ملاویږی نو جناب سپیکر! دا نور طرف ته بیا د دې د Transparency issues د نه جوړیږی جناب سپیکر! او زه د هغې د پاره دا ګڼړم چې که دا د بحث د پاره منظور کړے شی نو زما خیال دے دې باندې به Detailed خبره اوشی او دې باندې به ټول خلق چې دے ، هغه به په دې باندې خبره کول غواړی، جناب سپیکر۔

جناب قائمقام سپیکر: جی، مسٹر ضیاء اللہ خان آفریدی۔

جناب ضیاء اللہ آفریدی (وزیر معدنیات): شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ بہت اچھی بات ہے کہ سکندر بھائی نے آج بڑا Important issue اٹھایا اور ساتھ ثوبیہ بی بی کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے proper Investigate کرکے اپنی جو موشن ہے Withdraw کردی۔ کاش سکندر خان بھی یہ Investigate کرکے اور پھر پورا 'پراپر' اس کو پتہ چلتا کہ اس کے پیچھے کہانی کیا تھی اور انہوں نے کیوں پریس کانفرنس کی؟ اور اگلے دن میں نے بھی پریس کانفرنس کی تھی، شاید آپ نے وہ پڑھی نہیں ہوگی، آپ کو ملی نہیں ہوگی۔ یہ جی، پہلے تو یہ چائنیز کمپنی ہے نہیں، یہ اس میں پانچ شئیر ہولڈرز ہیں جس میں ایک چائنیز ہے، باقی اسلام آباد کے ہیں اور انہوں نے 04-04-2012 کو Exploration Licence لیا تھا اور Exploration Licence میں کیا ہوتا ہے جی؟ وہ میرے خیال میں آپ سمجھدار ہیں، اس کے کیا پروسیجرز ہوتے ہیں اور اس میں کیا کیا انوسٹی گیشنز ہوتی ہیں؟ وہ انہوں نے پوری نہیں کیں جی۔ جب ہماری گورنمنٹ آئی، ہمیں کمپلینٹ ملی، During exploration انہوں نے Antimony جو ہمارے صوبے کے غریب عوام کا ایک Asset اور خزانہ تھا، چرا کر چائنا ایکسپورٹ کر رہے تھے۔ جب ہمیں کمپلینٹ ملی تو ہم نے Proper investigation کی، ہم نے نوٹسز بھیجے اور پورے نوٹسز اور اس کے باوجود ان کی Reply آتی رہی اور یہ جو Antimony ایکسپورٹ کر رہے تھے، Rule 22 (a) کے تحت ڈیپارٹمنٹ نے اجازت دی تھی، لیبارٹری ٹیسٹ کے لئے، پائروبیٹارالوجی ایک ٹیسٹ ہوتا ہے جی، اس کے بہانے یہ 500 ٹن Antimony ایکسپورٹ، 413 plus تقریباً 500، انہوں نے ایکسپورٹ کی اور بجائے یہ کہ وہ ٹیسٹ کر لیتے وہاں پہ بھیج دی اور تقریباً اس کی قیمت کوئی دو لاکھ Something ڈالر جو ہمارے صوبے کے غریب عوام کے پیسے تھے، چرا کر لے گئے۔ یہ انوسٹی

گیشن کوئی سات آٹھ مہینے بعد ہم 'پراپر' کرتے رہے اور ہمیں ملتا رہا، ایف بی آر سے 'فارم ای' کی شکل میں یہ پورا Evidence ہمیں ملا ، پھر اس کو پتہ چلا کہ ہم تو پکڑے گئے، ہم نے نوٹسز بھیجے ، وہ Reply کرتے رہے، کوئی چائینی زبان میں کوئی پیگ، آخر کار ہم نے فائنل نوٹس بھیجا For cancellation تو یہ پریشان ہو گئے، Blackmailing کے لئے، انہوں نے حکومت کو بدنام کرنے کے لئے، صوبے کو بدنام کرنے کے لئے پریس کانفرنس کی، جس طرح میں نے کہا کہ وہ ایک Illegal mining کر رہے تھے، Exploration Licence میں اب اگر کوئی بھی Genuine investor ہمارے صوبے میں صحیح کام کریں گے تو ہم ان کو Encourage کریں گے لیکن اگر کوئی بھی Foreign Investor یا ہمارا لوکل ہو، وہ ہمارے صوبے کے اثاثوں کو چرائیں گے یا نقصان دیں گے تو پھر ہم پوچھیں گے، ہمارا حق بنتا ہے اور آپ کا بھی حق بنتا ہے۔ (تالیاں) ساتھ ساتھ آپ نے اس کی بات کی کہ لیزز Ban ہیں تو ہماری پالیسی بن گئی اور پچھلے ہمارے ڈائریکٹریٹ نے 1400 لیز دیئے ہوئے ہیں جس میں صرف چار سو Production کر رہے ہیں باقی ایک ہزار Idle ہیں، تو کیا یہ اگر ایک سال ہم اور بھی دیتے تو فائدہ کیا تھا، ان سے تو ریونیو نہیں آتا تو چار سو جو Production کر رہے ہیں، ان کو ہم Encourage کر رہے ہیں، باقی ایک ہزار ہم ان کے لئے قانون بنا رہے ہیں کہ بھئی جو ایک ہزار لیزز ہیں کیوں Idle پڑے ہیں؟ اس کے لئے بھی Production شروع کریں کہ ریونیو بڑھے، تو اس لئے پالیسی میں اور رولز اور ایکٹ میں ہم کچھ تبدیلی لا رہے ہیں، اس وجہ سے Ban ہے، کسی بھی بدنیتی کی وجہ سے نہیں ہے جی اور ہم کسی بھی Genuine Investor کو ان شاءاللہ تعالیٰ کبھی Discourage نہیں کریں گے بلکہ Encourage کریں گے اور یہ انہوں نے ہمارے حقوق پہ ڈاکہ ڈالا ہے اور ہم سب کو پوچھنے کا حق ہے۔ شکریہ جی۔

(تالیاں)

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: جی، سکندر حیات خان صاحب۔

<u>جناب سکندر حیات خان</u>: جناب سپیکر، زه د منسټر صاحب ډیر مشکور یم چې دوئ دا اووئیل چې دې کمپنئی چې دے دوئ Illegal mining کول لګیا وو او په هغې کښې زمونږ صوبې ته نقصان شوے دے نو اول خو زه د دوئ نه دا تپوس کوم چې دا دوئ چې کوم مائننګ کړے دے نو چې د چترال نه چې تلوو دا بهر ایکسپورټ کیدو نو دا خو د دې صوبې په روړ زباندی تیر شوے دے نو د هغې خلاف ولې په

هغه وخت کبنې کارروائی اونشوه چې دا میټریل دوئ بهر اوړل لګیا وو۔ نمبر ټو آیا دوئ په ډیپارټمنټ کبنې د چا خلاف کارروائی کړې ده چې بهئ داسې Gross irregularities کیږی لګیادی او په هغې باندی هیڅ قسم چیکنګ میکنیزم نشته نو آیادوئ د ډیپارټمنټ د چا خلاف په دیکبنې کارروائی بیا کړې ده یا اراده لری چې د هغوی خلاف به کارروائی کوی جناب سپیکر! مونږ خو ټهیک ده چې یوولس میاشتې پس مونږ ته خیال راغے چې یره دا دومره نقصان کیږی لګیا دے او دوه لکهه ډالر او دومره دغه چې دے دې کمپنئ دغه کړل خو چې په دغه دوران کبنې ولې په دی باندې ایکشن وانغستلے شو دا د مونږ ته Explanation راکړی چې آیا د دوئ هغه لحاظ سره چیکنګ میکنیزم ټهیک نه دے، د دوئ چې کومه پالیسی ده، په هغې کبنې Flaws وو، څه داسې دغه وو چې دا دې حد ته خبره اورسیده چې دا سامان دا میټریل چې دے دا بېر لاړو او اوس دوئ ته خیال راغے چې مونږ په دې باندې کارروائی کوؤ او دا زما خیال په دې باندې سلیم خان هم خبری کوی جی، چونکه دوئ د هغې علاقې سره تعلق ساتی نو دوئ به هم په دې باندې لږه روشنی واچوی۔

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: مسٹر سلیم خان۔

<u>جناب سلیم خان</u>: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ محترم ضیاءاللہ آفریدی صاحب نے جو کہا، یہاں پہ سر Actually یہ جو مائننگ ہو رہی ہے Mostly چترال میں ہو رہی ہے اور جن کو لائسنس ایشو کئے گئے تھے، پچھلی گورنمنٹ میں Naturally وہ ایک پروسیجر کے تحت ہو چکے ہونگے اور یہ ہمیں سمجھ نہیں آ رہی ہے کہ جتنے بھی لائسنس ہوتے رہے، اس وقت چترال میں جو کام کر رہے تھے جو Already مائنز میں لگے ہوئے تھے، سب کے اوپر Ban لگایا گیا ہے، اگر چائنیز Illegal کام کر رہے تھے، آٹھ مہینوں تک ڈیپارٹمنٹ کدھر تھا؟ حالانکہ انہوں نے بہت بڑی Investment کی ہے، یہ میرا حلقہ ہے سر! وہاں پہ ٹھیک ٹھاک انہوں نے Investment کی تھی، وہاں پر لوکل لوگوں کو بہت بڑے پیمانے پر روزگار ملا ہوا تھا مگر اچانک جب منسٹر صاحب آئے تو سب کے اوپر Ban لگایا، نہ صرف چائنیز بلکہ جتنے بھی لوگ جو چترال میں کام کر رہے ہیں، سب کے اوپر Ban لگایا گیا ہے۔ تو یہ بڑی ایک تشویش ہے، یہ جتنے بھی جو لیزز ہوتے رہے ہیں، جو اس فیلڈ میں کام کر رہے ہیں، یہ سب کو تشویش ہوئی ہے، اس کے اوپر پوری ایک ڈیبیٹ ہونی چاہیے۔ تھینک یو سر۔

جناب قائمقام سپیکر: جی، محترمہ انیسہ زیب صاحبہ۔
محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ یہ منسٹر صاحب نے تو اپنی طرف سے ایشورنس دے دی ہے لیکن اسی ایشورنس کے اندر There are new points that have been raised، نئے ایشوز بڑھیں گے، Simple الفاظ میں انہوں نے اس کو Identify کر دیا ہے، یہ بہت ہی کوئی عام سی بات ہے، اس کی وجہ سے یہ اب زیادہ ضروری ہو گیا ہے کہ اس ایشو کو ہم ڈیبیٹ کریں۔ ایک تو یہ فرنٹیئر مائنز اونرز ایسوسی ایشن جو ہے، اسکی طرف سے یہ ایک آیا ہے چارج ٹھیک ہے منسٹر صاحب نے اس پہ اپنی طرف سے جواب Version دیا ہو گا لیکن میرا خیال ہے کہ لیز جس طرح انہوں نے بتایا کہ 400! میں سے ایک ہزار Idle پڑی ہے اور اسی طریقے سے ان کو یہ لگ رہا ہے کہ اس سے بہت زیادہ معاملہ ہے لیکن ڈیپارٹمنٹ میں کوئی بھی ایسا ایکشن نہیں لیا گیا اور یہ بڑا Important crucial matter ہے۔ اس کے علاوہ بھی دوسری جگہوں پہ یہ تو خاص ہے یہ جو لیز ہے اور جو مائنز کی Exploitation ہے، یہ بہت ہی Important مسئلہ ہے، اس کے پیچھے بہت سی اور قوتیں بھی کارفرما ہیں، ہمیں اس پر ہر حالت میں ڈیبیٹ کرنی ہے اور اگر منسٹر صاحب Oppose کرتے ہیں تو میں آپ سے درخواست کرونگی کہ آپ ہاؤس کو اس معاملے میں وہ لے لیں اور پھر اس کے مطابق اس کو ایڈمٹ کریں۔
جناب قائمقام سپیکر: ٹھیک ہے جی۔ جی، بخت بیدار صاحب۔
جناب بخت بیدار: زه هم جی د لږ ټائم د پاره انډسټریز منسټر پاتې شوے یم او په دیکښې ما د مائننګ او دانډسټریز دواړو یو ځائې اسلام آباد کښې د کینیډا هائی کمیشن سره یو میټنګ کړے دے، زه غواړم چې د اسمبلئ په فلور باندې هغه څه چې کینیډا هائی کمیشن ما ته څه اوونیل او زمونږ ډیپارټمنټ هغوی ته څه اوونیل، په هغې کښې د معدنیاتو ډیپارټمنټ هم زما سره ملګرے وو، لهذا دا د ډیبیټ د پاره ضرور منظورول پکار دی چې په دې تفصیلی خبره اوشی۔
Mr. Acting Speaker: Is it the desire of the House that the adjournment motion No. 81, moved by the honourable Member, may be admitted for detailed discussion under rule 73? Those who are in favour of it may say ‘Yes’.
Members: Yes.
Mr. Acting Speaker: Those who are against it may say ‘No’.
Members: No.

Mr. Acting Speaker: The 'Ayes' have it. The adjournment motion is admitted for detailed discussion under rule 73.

(Applause)

مولانالطف الرحمان: جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: مولانالطف الرحمان صاحب، پلیز۔

مولانالطف الرحمان: بہت بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ سر! میں دراصل ایک اہم واقعے کا ذکر کرنا چاہتا تھا کہ کچھ دنوں پہلے ہمارے ڈی آئی خان میں ایک دل خراش واقعہ ہوا جس میں نوافراد لقمہ اجل بنے اور وہ جس وجہ سے، وہ نو(افراد) جو مزدور تھے اور وہ اپنی فصل کی کٹائی میں لگے ہوئے تھے اور جو کیمیکل کا پانی فیکٹری سے باہر آرہا تھا جناب سپیکر! وہ اس زہریلے کیمیکل پانی سے موت کے گھاٹ میں اترے ہیں اور اس فیکٹری کو موجودہ حکومت نے ایک انتول کیمیکل اور ایک الکوہل کی جو این او سی جاری کی تھی جناب سپیکر! اور وہ پلانٹ جو وہاں ڈی آئی خان میں نیا بنا تھا، اس کی جو Treatment ہونی چاہیئے تھی جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں جو مجرمانہ غفلت ہوئی ہے جناب سپیکر! کہ اس فیکٹری کو بغیر کسی اجازت کے، اس پلانٹ کو چلانے کی اجازت ملی تھی اجازت حکومت نے NOC جاری کی بغیر Insure کئے کہ وہاں پہ Treatment پلانٹ جو ہے وہ چالو ہو سکے اور وہ Treatment پلانٹ اس فیکٹری میں چالو نہیں کیا جناب سپیکر! اور اپنی فیکٹری کو پیسے کمانے کے لئے انہوں نے اپنا جو اس الکوہل کو اور اس انتوہل کیمیکل کو بنانے کا جو پلانٹ تھا اس کو تو سٹارٹ کیا لیکن اس کی Treatment کے پلانٹ کو انہوں نے سٹارٹ نہیں کیا جناب سپیکر۔ جناب سپیکر وہ نوافراد ایک دوسرے کے قربانی، ایک دوسرے پہ قربانی دی کہ ایک بچہ اس پانی میں گیا اور پھر اس کے پیچھے دوسرے لوگ گئے اور جس نے بھی اس کو ہاتھ لگایا اس ایریا میں پہنچا سانس کے ذریعے سے وہ جو اس کیمیکل کے اثرات جسم میں منتقل ہوئے اور اس کے بعد وہ سارے کے سارے لوگ بے ہوش ہوئے تقریباً سترہ لوگ بے ہوش ہوئے جس میں نوافراد جو ہیں وہ وفات پاگئے اور تقریباً کوئی بقایا جو افراد تھے وہ بے ہوشی کی حالت میں ہسپتال میں پڑے ہیں اور بعض لوگوں کی آنکھوں کا مسئلہ بنا جناب سپیکر، تو جناب سپیکر! بات یہ ہے کہ حکومت NOC ایشو کرے اجازت نامہ ایشو کرے بغیر کسی Insure کرنے کے کہ وہ کیمیکل جو فیکٹری سے نکلے گا اس کو کس طریقے سے اس کی Treatment ہونے چاہیئے اور میں سمجھتا ہوں کہ جو اس وقت حکومت نے اس کے خلاف جو ایف آئی آر درج کی ہو گی اس کے خلاف کام کیا ہو گا اس فیکٹری کے خلاف میں سمجھتا ہوں کہ اس بات کا تعین ہونا

چاہئیے کہ جن کی غفلت کیوجہ سے یہ کام ہوا ہے جناب سپیکر آخر کوئی ادارہ ہے جو اس کو NOC جاری کرتا ہے اس ادارے کی ذمہ داری بنتی ہے اور اس کی ایک انکوائری ہونی چاہئیے غیر جانب دارانہ انکوائری ہونی چاہئیے اور جو لوگ اس مجرمانہ غفلت کی مرتکب ہوئے ہیں ان لوگوں کو قرار واقعی سزا ہونی چاہئیے جناب سپیکر، تو یہ میں ذکر کرنا چاہتا تھا جو ہمارے ڈی۔آئی خان میں یہ واقعہ ہوا اور حکومت کی طرف سے صرف ایک ایک لاکھ روپے ان کو ملے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک الگ بات ہے لیکن ان لوگوں کو سزا دیناضروری ہے جن کی غفلت کیوجہ سے یہ واقعہ ہوا ہے بہت بہت شکریہ۔

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر، په دې خبرې باندې زه خبره کول غواړم۔

جناب قائمقام سپیکر: جی سکندر شیرپاو صاحب۔

جناب یاسین خان خلیل: جناب سپیکر، که ماته مو ټائم راکړو نو ډیره ـــــ

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر، دا ایشو روانه ده، یاسین خان! تاسو صرف په دې باندې خبره ـــــ

(تالیاں)

جناب قائمقام سپیکر: جی، مسٹر یاسین خلیل صاحب، جی یاسین خلیل صاحب۔

وضاحتی بیان

جناب یاسین خان خلیل: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ ډیره مهربانی سپیکر صاحب۔ یکم مئ یوم مزدور باندې جی زما یونین کونسل کښې یو لیبر کالونی ده، هلته زه یو فنکشن کښې ناست ووم او هلته راته غوږ کښې چا اووئیل چې یره ستا نه عهده واخستلې شوه د مشیر، نو تپوس مې اوکړو چې یره په څه وجه؟ نو وائی چې Bad performance باندې، نو زما محکمه کښې جی لائسنس برانچ دے، په هغې کښې چې زما کوم اصلاحات دی، سی سی ټی وی کیمرې په هغې کښې څومره کسان سسپنډ کول، څومره اصلاحات د ګاډو شیشې وې، Complaints راغلی وو چې یره فیمل چې دی هغه ناست وی او شیشې لګیدلې وی او هغه چې کوم خلق ناست وی، هغه ټول هر څه ورته ښکاری، هغه شیشې ماختم کړې، شعر و شاعری وه په ګاډو کښې، هغه ماختم کړه، د معذور خلقو کوټه وه او د بزرګانو د طلباء د خواتین د پاره خپل سیټونه په هغې باندی

مې Implementation اوکړو، ریسکیو ایمرجنسی کښې د مختلف این جی اوز نه ما ایمبولینسز راوستل او هغې کښې مې شامل کړل ځکه چې کمے وو، اصلاحات مې پکښې راوستل۔ ډی آئی خان د پاره مې Proposal جوړ کړو چې هلته ریسکیو شروع شی، ایبټ آباد کښې نه وو، هلته چې شروع شی او په مینګوره کښې نه وو چې هلته شروع شی۔ زما سره په محکمه کښې آئی ډی پیز وو جی، پهلا ځل چې زه لاړم، په ګرمئ کښې زه تلے ووم، هلته خلقو ما ته اووئیل چې تر اوسه پورې دا آئی ډی پیز چې کله هم راغلی دی، دلته نه مشیر راغلے دے، نه چیف منسټر راغلے دے او نه یئ څوک وزیر راغلے دے۔ زه هلته هغه خیمو کښې خلقو له لاړم، هلته خلقو ته د اوبو مسئلې وې، د کتابونو مسئلې وې، د فوډ مسئلې وې، د جرنیټرو مسئلې وې، هغه ټولې ما حل کړې۔ جناب سپیکر صاحب! زما په محکمه کښې نوکریانې شوې دی جی او زما نه داخپل ملګری چې د پیښور دی، دوئ به رانه ډیر زیاتې ګیلې کولې چې یره ته خپل ټول تهکال د نوکر کړو خیر مونږ له هم پکښې راکړه، نو سپیکر صاحب! زه دا وایم چې اووه نوکریانې کلاس فور هغه ما ورکړې دی او پچپن نوکریانې پکښې د نوښار شوې دی۔ (تالیاں) زه چې کله تحریک انصاف کښې شامل شوم نو په پیښور کښې مې آرګنائزیشن شروع کړو، یو یو کلی ته لاړم او د دې پارټئ د پاره ما خدمت اوکړو او چې کله د ډسترکټ صدارت ته اودریدم نو په بهاری اکثریت سره زما او زما ملګرو ډسترکټ پشاور اوګټلو، دا زما Bad Performance وو۔ خپله علاقه کښې مې الیکشن کړے وواو په ټوله صوبه کښې زما دا ټول ورونړه دلته ناست دی، چا به په بیس هزار ګټلی وی او چا به په پچیس هزار ګټلی وی، ما تینتیس هزار ووټ واخستو اټهائیس هزار Lead سره ما الیکشن د هر څه پروپیګنډې نه بغیر (تالیاں) اټهائیس هزار ما واخستو او بیا زما Bad Performance، چې کله زما نه مشیری واخستلې شوه، زما په پی کے کښې لس یونین کونسلز دی، لسو کښې د A نه واخله، د پریزیډنټ نه واخله تر فنانس سیکرټری پورې لس په لس باندې Resign ورکړو، ما ورته اووئیل چې هیڅ مه کوئ، دا زما Bad performance دے، ډسترکټ تنظیم چې زه د هغې صدر یم، هغوی پریس کانفرنس اوکړواو درې ورځې ټایم ئے ورله ورکړلو چې درې ورځو

کېښې د ننه د ننه یاسین خان بحال نه کړو او ایډوازري مو ورله ور نکړه چې کومه زه بیا هډو غواړم نه، هغوی به استعفیٰ ورکوی، دا زما Bad performance وو۔ اوس زه نه پوهېږم چې سپیکر صاحب! چې Good performance او Bad performance څه ته وائی، زه خو Bad performance هغې ته وایم چې چا ته فارورډ بلاک جوړیږی، چا نه خلق خفا کیږی، چا نه چې د پارټئ کارکنان، د پارټئ تنظیمونه خفا (تالیاں) کیږی، چا نه چې اپوزیشن هم خفا او چا نه چې خپل ملگری هم خفا او چا نه چې دا میډیا هم خفا او چا نه چې دغه کرسو باندې ناست بیوروکریټس زمونږ ورونړه په دیکښې چې کوم بنه خلق دی، هغه خفا دی او چې کوم بد خلق دی هغه خوشحاله دی۔ یو بل سره جهګړې دا Bad performance دے که دا Good performance دے؟ زما یو ورور ما پسې کوی بل ورور بل پسې خبرې کوی، دا Bad performance زما نه دے، دا د بل چا دے جی، دا چې چا ذمه واریانې دی هغه به کوی۔ یو لږه موده مخکښې جی په دې ټی وی کښې یو ډرامه راتلله، یو ډرامه وه ډېره مشهوره او هغې کښې پرچی باندې به خلقو کارونه کول، نو یو تن پکښې وو، هغه د هغه د علاقې نه چې کوم ایم این اے هغه د سپورټس منسټر جوړ شو نو هغه له لاړو چې یره زه دې حلقې کښې ډېر بنه محنت کول غواړم او یو نوم پیدا کول غواړم، هغه ورله پرچی ورکړه، هغه ټائم به دا پرچیانې ډېرې چلیدې، هغه نیشنل گیمز ته لاړو د هاکی، چې هغه نیشنل گیمز ته لاړو، ډېر میچونه ئې اوکړل خو بیلل ئې۔ هغه ورته وائی چې یار! دا ته څه کوې، ما ته له دغه د رکړو، ما شرموې تا له ما دومره اهم ذمه واری درکړه، ته څه چینج راوله، څه تبدیلی راوله چې دې خلقو ته زه وایم چې زما د حلقې والا له ما پرچی ورکړې ده، ما هلته لیږلے دے چې ډېر Performance اوښائی۔ نو هغه جی اخری کښې دا دغه د انډیا او د پاکستان میچ وو، اخری میچ، فائنل راغلو، دوه دوه گولونه یو هم کړی وو، بل هم کړی وو، ډېر کوشش اوکړو هغه نه به خلقو بال واخستو ځکه چې هغه تکړا نه وو، بال بیا ترې نه واخستو او دې وائی چې یره چینج پکار دے، چینج ډېر ضروری دے، اخری کښې چې هغه اخری بال راغلو نو هغه گول کیپر هم مخکښې تلے وو او هغه نور کهلاړیانو هم Forward تلی وو، دوئ ته موقع ملاؤ

شوه راغلو او هغه بال ئې په خپل ګول کښې وراويشتو او ګول ئې اوکړو۔ (تالیاں) او وائی دا مونږه، دا وائی مونږ تبديلی راوستله۔ سپیکر صاحب! تبدیلی ما راوستله، زه حیران یم سپیکر صاحب! چې تبدیلی به څنګه راځی؟ مونږ خو د دې خلقو مټې يو، مونږ خو د دوئ لاسونه يو، يو طريقه وه يو ټيليفون بيا کړې وو چې ياسين خان ستا Performance ښه نه دے يا دا عهده چې تا سره ده يا د بل منسټر يو منسټری پکار ده، يو ايډوائزری پکار ده، يو سپيشل اسسټنټ پکار ده څه ملګرو ته يا نور زما ستا ملګری چې دی، هغوی ته زه ورکوم ، لا اله الا الله محمد الرسول اللهﷺ چې يو سيکنډ مې انتظار نه وې کړې ما به ورسولې وه او ورته مې وئيل چې دا ستاسو حق دې ستاسو د پارټۍ زه ممبر يم، ستاسو په وجه زه راغلم دا Resign والئ خو دغه طريقه ما ته بالکل قبوله نه ده سپیکر صاحب! په ځان باندې پخپله ډرون حمله اوکړه، پخپله خپل ملګرو نه لاس او پښې کټ کړو۔ سپیکر صاحب، زما وزارتونه کله هم کمزوری نه ده، زه کله هم د وزارت د پاره ما سياست نه دے کړے ، زما ډير ملګری به ما پيژنی خو ډير به ما نه پيژنی، کله چې زه د فرسټ ايئر سټوډنټ ووم سپیکر صاحب! هغه ټائم د شهيد ذو الفقار علی بهټو د Personality نه انتهائی متاثر ووم، جنرل ضياء الحق دلته دغه پريزيډنټ وو او جنرل فضل حق دلته ګورنر وو۔۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: ياسين خليل صاحب! ريکوسټ کوؤ۔

جناب یاسین خلیل: لږ غوندې جی، دوه منټه جی ګورې زما د ټول Career خبره، تاسو نه محسوس کوئ خو چې زما ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نه لږ مختصر۔

جناب یاسین خان خلیل: يو منټ سپیکر صاحب! زما حلقه کښې چې کوم خلقو هوائی ډزې کړې دی، چا چې مټهايانې تقسيم کړې دی، چا چې هغه اخباری کټنګ په زرګونو کاپيانې کړې دی او کور په کور ئې ليږی او زه کورونه ته، او چا ته اووايم چې زه غل نه يم، زه ډاکو نه يم، کور په کور ګرځم، نو که دلته دې

صحافیانو ورونړو په وجه او دا ټولې صوبې نمائندګانو ته زه صفا شوم نو زما په خیال دا به ستاسو ډیره مهربانی وی که ما له لږ ټائم راکړئ-----

<u>جناب قائمقام سپیکر:</u> ډیره شکریه جی-

<u>جناب یاسین خان خلیل:</u> نو هغه ټائم جی شپږ شپږ میاشتې جیل کښې، ما شی به هم وو، بجلی به ئې هم راته بنده کړه او سحر به راغے چې معافی ورکړه، 'ینګ' هلک ئې څه کور ته، نو مونږ به هغه استعفیٰ اوشلوله او هغه سړی ته په مخ به مو لړه کړه چې مونږ د جمهوریت د پاره او دې ملک کښې د ډکټیټرشپ د خاتمې د پاره دا قربانیانې ورکوؤ، نو مونږ کله هم د لالچ د پاره ما سیاست نه دے کړے، ما د خپلې علاقې، د وطن او د دې د پاره کړے دے- زه سپیکر صاحب! د پارټۍ د ډسپلن پابند یم، د هغوی په ټکټ راغلے یم بالکل خو یو خبره واضحه کوم چې ظلم ته به ظلم وایم، نا انصافئ ته به نا انصافی وایم، چې په یو غر باندې یو کور وی، صرف یو فیملی پکښې اوسیږی او هغوی ته صفا اوبه ځی او زما د علاقې خلق زما د پیښور خلق د چینجو نه ډکې او د ګندونو نه ډکې اوبه څښکی نو د هغې خلاف به زه آواز اوچتوم جناب سپیکر صاحب! چې ما له خلق حجرې ته راځی او مخ سر وهی، هغه بله ورځ یو مشر سړے راغلو، مخ ئې وهلو چې کور کښې مې د رزق درک نشته، ته ایم پی اے ما له د یو کلاس فور نوکری راکړه، نو یا بیا ټول په میرټ کیږی یا بیا بله ډسټرکټ هم نه کوی او که دا ظلم هم وی چې یو ډسټرکټ کښې چې چا پینځه سیټونه ګټلی دی، هلته د صوبې سربراه وی او یو منسټری هم دی او پیښور چې لس سیټونه ګټلی دی، هغې کښې د صرف دوه منسټران وی، دا کوم انصاف دے؟ دغه پسې به زه، دې ظلم پسې به زه آواز اوچتوم او څه روډونه چې هغه په زرګونو خلق اوسیږی هغه کچه دی او یو ځائې داسې علاقه وی چې هغې کښې صرف درې فیملی اوسیږی او هغوی ته 'کارپیټډ' روډونه جوړیږی نو هغه ظلم هم زه نشم برداشت کولے- زه اخری کښې سپیکر صاحب! Sorry ختموم، یو زما د کرپشن که څوک وائی، که زما د Bad performance وائی، که زما دا غلطی وائی، دې طرف نه درې تنان، دوئ زمونږ د پارټیانو مشران دی، او دې طرف نه درې تنان او د خپل ځان په قیادت کښې دا یو کمیټی جوړه کړه، ما ته ډیر وروستو منسټری ملاؤ شوې ده، د پهلا

ورځ نه تر ننه پورې چې څومره کارونه شوی دی، څومره فائلونه شوی دی، څومره دنیا ورانه شوې ده، هغه ټولو کښې انکوائری د او کړلې شی او بیا د اسمبلئ کښې پیش کړلې شی، که د یو آنې یو Irregularity ملاؤ شوه نو زه هر قسم سزا ته تیار یم او سپیکر صاحب! که زه بې ګناه یم نو بیا د صرف دومره اووئیلې شی چې یره دا مونږ نه غلطی شوې ده۔ ډیره مهربانی۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ جی شاہ فرمان صاحب،پلیز۔

جناب شاہ فرمان (وزیر اطلاعات): شکریہ جناب سپیکر۔ یاسین صاحب کی باتیں یقیناً، اور ان کے جذبات اور انہوں نے جو Expression دی ہے جناب سپیکر! زیادہ ترProcedural lapse ہو جاتا ہے، میں ابھی بھی جب سکندر صاحب سے ڈسکس کرتا ہوں کوئی ایشو، تو میرا ابھی بھی یہ opinion ہے کہ ٹھیک ہے بعض چیزیں اگر Deliberation کے ساتھ اور ڈیٹیل کے ساتھ ڈسکس ہو جائیں تو شاید وہ اس طرح نہ لگے جس طرح وہ Image سامنے آتا ہے۔ یاسین خان نے Bad performance کی بات کی، Bad performance کا لفظ کسی نے Use نہیں کیا، Performance کا لفظ۔۔۔۔

(شور)

وزیر اطلاعات: میں درخواست کرتا ہوں کہ یہ بڑا Sensitive issue ہے اور اپوزیشن کے بھائیوں سے ریکوسٹ ہوگی کہ جس طرح ایک آنریبل ممبر کے جذبات کو اگر وہ ٹھیس پہنچی ہے اور اگر وہ پریشان ہے تو حکومت بھی اپنا مؤقف بیان کرے اور آپ بھی آرام سے سنیں، اس کو Light نہیں لینا چاہیئے، یہ کسی کو بھی، یہاں اپوزیشن کے کسی بھائی کا اگر استحقاق مجروح ہوتا ہے تو سب سے پہلے ہم کہتے ہیں کہ اس کو استحقاق کمیٹی میں جانا چاہیئے، لہذا Sensitive issue ہے، کسی نے Bad performance کا لفظ use نہیں کیا، Performance کا لفظ Use کیا ہے، ناقص کارکردگی نہیں، کارکردگی کا لفظ استعمال ہوا ہوا ہے اور اس کی میں ایک وضاحت کردوں، اگر آپ کسی بھی سٹیٹمنٹ کے اندر۔۔۔

(مغرب کی اذان)

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر! کارکردگی کا لفظ اس لئے استعمال کیا گیا کہ یہ میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں اور آج پھر سے یہ بتا رہا ہوں کہ پاکستان تحریک انصاف اور اتحادیوں کی جو حکومت ہے، اس میں کسی بھی وقت کوئی منسٹر ایم پی اے ہو سکتا ہے اور کوئی بھی ایم پی اے منسٹر، ایڈوائزر، سپیشل اسسٹنٹ بن سکتا ہے۔ ایک منسٹری اچھی کارکردگی کی وجہ سے شہرام خان سے چلی گئی اور اس کو دوسری منسٹری دی گئی اور یہ کس نے کہا ہے

کہ کل کو جو آج کسی سے اگر ایڈوائزر شپ چلی گئی یا سپیشل اسسٹنٹ نہیں رہا یا وزیر نہیں رہا تو یہ کس نے کہا ہے کہ کل وہ منسٹر نہیں ہو گا یا نہیں ہو سکتا؟ یہ تو کسی کے اوپر ہم نے، لیکن انداز حکمرانی ہمیں تبدیل کرنا ہو گا، یہ وہ جماعت نہیں ہے، یہ وہ حکومت نہیں ہے جس میں چند بندوں کا قبضہ ہوتا ہے۔ میں پھر سے یہ کہتا ہوں کہ یہ کسی نے یہ نہیں کہا کہ یہ Bad performance ہے اور میں پھر اس ہاؤس میں یہ کہہ دوں کہ یہ کوئی اٹل فیصلہ نہیں ہے کہ جو آج منسٹر ہے، وہ کل بھی رہے گا اور جو آج ایم پی اے ہے، وہ کل منسٹر نہیں بن سکتا، یا یاسین خان کو کوئی منسٹری نہیں ملے گی یا شوکت کو نہیں ملے گی یا جس سے لی گئی ہے، اس کو دوبارہ نہیں مل سکتی، یہ بالکل غلط Concept ہے۔ یہ وقت کے تقاضوں کے مطابق پارٹی کے فیصلے ہوتے ہیں، چونکہ یاسین خان نے پھر بات اسمبلی کے اندر کی ہے تو میں کلیئر کروں اس اسمبلی کے اندر، پارٹی کے اندر بات ہو سکتی تھی، بہتر طریقے سے ہو سکتی ہے لیکن چونکہ لوگوں میں ایک Image جاتا ہے، انہوں نے بات کی، لوگوں میں Image جاتا ہے، لہذا میں سمجھتا ہوں کہ جمہوری عمل ہے اور پاکستان تحریک انصاف کے اندر بری اور اچھی کارکردگی کو نکال کر یہ کوئی مستقل فیصلہ نہیں ہے کہ شاہ فرمان منسٹر رہے گا، کل ہو سکتا ہے میں ایم پی اے بن جاؤں یا ہو سکتا ہے کوئی بھی ایم پی اے ان میں سے منسٹر بن سکتا ہے، لہذا یہ کوئی Permanent فیصلے نہیں ہیں، یہ Different انداز حکمرانی ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ آنریبل چیف منسٹر صاحب۔

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): جناب سپیکر، دو تین چیزوں کی میں وضاحت کرنا چاہتا ہوں، انہوں نے کہا ہے کہ پینتالیس نوشہرہ کے بھرتی، میں اس کو چیلنج کرتا ہوں کہ پی ڈی ایم اے میں پشاور میں نوشہرہ سے ایک بھی کلاس فور بھرتی نہیں ہوا ہے۔ دوسری میں وضاحت چاہتا ہوں، یہ جتنے میرے ممبرز بیٹھے ہوئے ہیں، یہ کہتے ہیں ان کے خلاف ہیں، کوئی اسمبلی کا ممبر میرے خلاف نہیں ہے۔ (تالیاں)

آپ میرے ساتھ ہیں کہ نہیں، یہ جب قصہ چلا، وہ وزیر اعلیٰ کے خلاف نہیں تھا، یہ جو تیرہ ممبرز اکٹھے ہوئے تھے، وہ میرے خلاف نہیں تھے، وہ حکومت کے خلاف نہیں تھے، وہ چند لوگوں کے خلاف کھڑے ہوئے تھے۔ یہ اپوزیشن بیٹھی ہے، میں اپوزیشن کی ہمیشہ عزت کرتا ہوں، میں نے کبھی اان کے ساتھ زیادتی نہیں کی، ان کی عزت کا خیال کیا ہے، کوئی اپوزیشن (رکن) کہے کہ وہ میری ذات کے خلاف ہے۔ ٹھیک ہے مسئلے آتے ہیں لیکن یہ اپنے آپ کو ہیرو بنانا، جو زیرو ہو چکا ہے وہ ہیرو بناتا ہے اپنے آپ کو، وہ ہیرو نہیں بن سکتا کیونکہ یہ فیصلہ ہماری پارٹی کے اندر کا فیصلہ ہے، یہاں پر ہماری پارٹی میں احتجاج ہوا، احتجاج میرے

خلاف نہیں تھا، احتجاج یہی باتیں تھیں اور اسی احتجاج کو مدنظر رکھ کر ہمارے پارٹی کے قائد عمران خان نے مشورہ کرکے سب کے ساتھ یہ فیصلہ کیا، اگر کوئی اپنے قائد کا فیصلہ نہیں مانتا تو پھر اس کو میں کہتا ہوں کہ اس کو پارٹی میں بھی نہیں رہنا چاہئیے۔

جناب قائمقام سپیکر: وقفہ برائے نماز۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز مغرب کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب قائمقام سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب قائمقام سپیکر: جی مسٹر محمود جان، پلیز۔

جناب محمود جان: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر صاحب، زمونږ یو Colleague دلته په فلور باندې خبره اوکړه، د فاروږډ بلاک خبره ئې اوکړه خو د دې وضاحت ما مخکښې هم کړے وو او اوس بیا هم کوم چې مونږ د خپل مشر عمران خان په قیادت کښې د هغه د منشور لاندې، د هغه د جهنډې لاندې مونږ یو یو، زمونږ نه فاروږډ بلاک شته، نه څه شته، زمونږ یو خپل هم خیال گروپ دے او دا هغه چینج دے چې د خپل حکومت کارکردگی چې څوک غلط کارونه کوی، د منشور خلاف ځی نو مونږ به د هغې خلاف آواز اوچتوؤ، دا آواز به مونږ را روان وخت کښې هم پینځه کاله کښې دا گروپ زمونږ بر قرار دے، مونږ وایو چې مونږ د فرد واحد خلاف نه یو، مونږ د هغه کسانو خلاف یو چې کوم زمونږ د پارټۍ د منشور خلاف ورزی کوی۔ زمونږ دا خبره غلطه ده چې دلته زمونږ یو ملگری وئیل چې دا تاسو د یو فرد واحد خلاف جوړ کړے دے، دا بالکل د فرد واحد خلاف نه دے، دا ان شاء اللّٰہ هغه نظام، د عمران خان د منشور، ایجنډې باندې مونږ روان یو چې څوک غلط کار کوی، غلط منشور، د تحریک انصاف په منشور باندې نه ځی، مونږ به د هغوی مخې ته راځو او د هغوی نشاندهی به مونږ کوؤ ان شاء اللّٰہ، حکومت ته به کوؤ، مشر عمران خان ته به کوؤ (تالیاں) سی ایم صاحب ته به کوؤ او د هغې نشاندهی به مونږ کوؤ ان شاء اللّٰہ۔ تهینک یو جی۔

جناب قائمقام سپیکر: مفتی فضل غفور صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: شکریه جناب سپیکر۔ یو ډیره اهمه او عوامی نوعیت والا مسئلې متعلق ما مخکښې ورځو کښې کال اټینشن جمع کړے وو خو هغه بزنس باندې لا نه دے راغلے، زه ستاسو په وساطت سره سی ایم صاحب هم تشریف فرما دے او دې هاؤس په نوټس کښې راوستل غواړم۔ جناب سپیکر، د صوبائی حکومت د طرف نه مخکښې ورځو کښې داسې یو اعلامیه جاری شوې وه چې د هغې مطابق کوم غیر قانونی یا نان رجسټرډ چې کومې رکشې دی چې خلق ئې کورونو کښې جوړوی د مختلفو انجنونو نه نو د هغې د بندولو یو اعلامیه جاری شوې وه۔ جناب سپیکر، دا ټهیک ده چې د هر یو څیز قانونی پراسیس وی، یو طریقه کار وی خو بل طرف ته دې اړخ ته هم کتل پکار دی چې زمونږ صوبه د کومو تکلیفونو، د کومو مشکلاتو سره مخا مخ ده او په هغې کښې یو غریب سړے چې هغه اکثر د خپلې بی بی زیورات راواخلی او هغه خرڅ کړی یا د خپل کور څه غوا میښه خرڅه کړی او په هغې باندې پنځوس شپیته زره روپۍ باندې رکشه جوړه کړی او هغه مونږ بنده کړو او د هغې خلقو، د هغوی ټوټل کمائی هم دغه وی چې سحر اوځی، ماښام له دوه درې سوه روپۍ اوګټی او خپلو بچو له په هغې باندې رزق راوړی، جناب سپیکر! زه تاسو ته افسانه نه وایم، زه تاسو ته واقعه حقیقتاً وایم کومه چې مې په دې خپلو سترګو لیدلې ده، چشم دید ده۔ زه پخپله باندې په روډ باندې روان ووم، یو کس راغے او ما ګاډې اودرلو۔ زه چې راکوز شوم، تاسو یقین اوکړئ د هغه د سترګو نه اوښکې رااوتلې او زما پښو کښې پریوتو او ما ته ئې اووئیل چې مفتی صاحب! زمونږ چې روزګار بند شوے دے نو نن ماښام له زما د بچو د پاره زما کره اوړه نشته دے۔ زه د سی ایم صاحب په نوټس کښې دا راوستل غواړم چې اول خو زمونږ صوبه دومره Develop ده نه، نور ډیر غیر رجسټرډ څیزونه او ادارې او دغه په دیکښې چلیږی نو بیا د غریب د څلویښت، پنځوس زرو روپو رکشې پورې خبره راغلله خو که بهرحال بیا هم تاسو دا شے ریګولرائز کول غواړئ نو دغه خلق Facilitate کړئ، دوئ د پاره آسان قسطونو باندې قرضې ورکړئ یا آسان قسطونو باندې دوئ ته رکشې وغیره، دا ورته Provide کړئ، د هغې خلقو د بچو د رزق بندوبست به اوشی۔ ډیره ډیره مننه، ډیره ډیره شکریه جی۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Acting Speaker: Thank you ji. Mr. Mehmood Jan, MPA, to please move his call attention notice No. 318, in the House. Mehmood Jan.

جناب محمود جان: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر! میں اس معزز ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ میرے حلقہ نیابت پی کے 7 میں گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول سفید سنگ کو اردو میڈیم سے انگلش میڈیم سسٹم میں تبدیل کیا گیا ہے مگر تاحال سکول میں اردو میڈیم سٹاف سبق پڑھاتا ہے جس سے بچوں کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے، لہذا سکول ہذا سے اردو میڈیم سٹاف پڑھانے والے سٹاف کو تبدیل کر کے انگلش میڈیم سٹاف پڑھانے والے کو تبدیل کیا جائے تاکہ بچوں کی تعلیم خراب نہ ہو۔ تھینک یو جی۔

محترمہ آمنہ سردار: جناب سپیکر! اس پر میں بھی بات کرنا چاہوں گی۔

جناب قائمقام سپیکر: جی میڈم آمنہ سردار، پلیز۔

محترمہ آمنہ سردار: جناب سپیکر، یہ یکساں نصاب تعلیم کی بات جب ہو رہی ہوتی ہے تو یہ انگلش میڈیم سکولز کی بات سر، ایک بہت تکلیف دہ بات یہ ہوئی ہے کہ سرکاری سکولوں میں جبکہ بچے ٹاٹوں پر بیٹھتے ہیں، پرائمری سکولوں میں ان کا یونیفارم پینٹ کر دی گئی ہے اور مجھے انتہائی غریب لوگوں نے یہ درخواست کی کہ جی ہم ان کے خرچے نہیں پورے کر سکتے تو ہم ان کی پینٹ اب کہاں سے پوری کریں گے۔ سات آٹھ سو کی ایک پینٹ بازار سے ملتی ہے اور ویلفیئر ہوم میں بچے پڑھ رہے ہیں جو بے گھر بچے، Broken families کے بچے ہیں جناب سپیکر! ان کے جو سوشل ویلفیئر آفیسر ہیں ایبٹ آباد میں، انہوں نے مجھ سے ریکویسٹ کی ہے جی کہ ہمیں یونیفارم نہیں دیا جا رہا ہے گورنمنٹ کی طرف سے، اب ان کی پینٹیں آ گئی ہیں اور وائٹ شرٹس آ گئی ہیں تو یہ بچے کس طریقے سے Manage کریں گے جی؟ یہ بہت زیادہ پریشان کن بات ہے ان کے لئے۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔

محترمہ آمنہ سردار: جبکہ بیٹھتے وہ ٹاٹوں پہ ہیں۔ بہت شکریہ۔

Mr. Acting Speaker: Sardar Aurangzeb Nalotha, MPA, to please move call attention notice No. 350.

یہ اس کا جواب دیدیں، سردار صاحب! پھر آپ۔ ہاں جی، یہ حکومت کی طرف سے، جی مسٹر شکیل خان صاحب۔

<u>جناب شکیل احمد (مشیر برائے بہبود آبادی):</u> جناب سپیکر، د ایم پی اے صاحب چې کوم کال اټنشن نوټس دے، پی کے 7، سفید سنگ اردو میډیم چې هغهConvert شوے دے انگلش میډیم ته، نو هغې باندې ډیپارټمنټ د طرف نه جواب هم راغلے دے چې کوم ټیچرز دی هغوی کوالیفائیډ دی، دا څه فرق نشته چې انګلش میډیم د پاره به ځان له ټیچرز وی او د اردو میډیم د پاره ځان له ټیچرز وی، هغې کښې انګلش ټیچرز موجود دی، هغې کښې سائنس ټیچرز دی او ښه کوالیفائیډ ټیچرز موجود دی او د هغې نه علاوه پراونشل ګورنمنټ او ډیپارټمنټ چې کوم ریفارمز شروع کړی دی، هغې کښې Capacity building training هم اوس موجوده ګورنمنټ شروع کړے دے او هغې کښې Ten days training, 23 thousands teachers ته هغه ټریننګ شوے دے نو داسې څه مسئله به نه وی او که بیا هم ایم پی اے صاحب داسه هغه سکول کښې داسې څه مسئله وی، هغه د پوائنټ آؤټ کړی نو ان شاء الله ډیپارټمنټ چې دے هغوی سره به کښېنی او هغه ټیچرز ټرانسفر یا ایډجسټمنټ به ئې کړی۔

<u>جناب قائمقام سپیکر:</u> شکریہ جی۔

<u>جناب محمود جان:</u> جناب سپیکر صاحب، دې منسټر صاحب خو ډیره ښه خبره اوکړه خو اول خو زمونږ ایجوکیشن منسټر صاحب شته هم نه جی، چې هغوی راشی نو دا خبره به هغوی سره ډسکس کړو خو ما له د علاقې ماشومان، د هغوی والدین راغلی دی چې کوم سټاف دے، هغه والدین او ماشومان هغه سټاف نه مطمئن نه دی چې دا سټاف صحیح سبق نشی ښودلے نو لهذا وایم چې ایجوکیشن منسټر صاحب راشی نو هغوی سره به ئې ډسکس کړم او که هغه نه وی خو پورې، دا پینډنګ اوساتئ جی۔

<u>Mr. Acting Speaker:</u> Thank you ji. Sardar Aurangzeb Nalotha, MPA, to please move his call attention notice No. 350, in the House.

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں، وہ یہ ہے کہ تحصیل حویلیاں میں ایک ٹیکنیکل ووکیشنل سنٹر پچھلے کئی

سالوں سے کرائے کی عمارت میں کام کر رہا تھا جہاں کئی غریب بچے ہنر سیکھ رہے تھے اور نامعلوم وجوہات کی بناء پر وزیر اعلیٰ صاحب نے مذکورہ سنٹر بند کروا دیا جس سے تحصیل حویلیاں کے بہت سے ذہین بچے ٹیکنیکل تعلیم سے محروم ہو گئے اور جناب سپیکر صاحب! یہ سنٹر کوئی تقریباً چالیس پینتالیس سال سے وہاں پہ رینٹ کی بلڈنگ میں کام کر رہا تھا اور ہزاروں بچے وہاں سے ہنر سیکھ کر بیرون ممالک بھی اور ملک کے اندر بھی روزگار کی تلاش میں نکل جاتے تھے اور روزگار مل جاتا تھا انہیں۔ اب یہ سنٹر، جب میں نے محکمے سے رابطہ کیا تو محکمے والوں نے کہا کہ چونکہ وزیر اعلیٰ صاحب نے ایک ڈائریکٹیو جاری کیا ہے کہ جس سنٹر کے اندر سو سے کم بچے ہوں، وہ سنٹر بند کئے جائیں تو اس سنٹر میں گزشتہ چالیس پینتالیس سال سے وہ چل رہا تھا اور عموماً وہاں پہ ڈیڑھ دو سو، تین سو، چار سو تک بچے ہوتے تھے، پچھلے تقریباً دو ڈھائی سالوں سے اس میں سٹاف موجود نہیں تھا، ایک پرنسپل وہاں پر کام کرتا تھا، وہ بھی لکی مروت سے اس کا تعلق تھا تو وہ کبھی جاتا تھا چار دن اور پھر اس کے بعد نہیں جاتا تھا، صرف ایک پرنسپل تھا، اور سٹاف نہیں تھا، مشینری نہیں تھی تو اس وجہ سے وہ غیر فعال ہو گیا تھا۔ تو اب میری سی ایم صاحب سے یہ گزارش ہے کہ وہ سنٹر چونکہ حویلیاں میں ہے اور دوسرا سنٹر ایبٹ آباد میں ہے، وہاں پر غریب لوگ نہیں جا سکتے ہیں تو اس سنٹر کو فعال کیا جائے، بند کرنے کے بجائے، اور وہاں پہ سٹاف دیا جائے اور ان لوگوں کو جو حویلیاں کے گرد و نواح کے لوگ ہیں، وہاں پہلے بھی ہزاروں بچوں نے وہاں پہ ٹیکنیکل ایجوکیشن کی تعلیم سیکھی ہے اور وہاں پہ لوگ مستفید ہوئے ہیں، تو اب دوبارہ اس سنٹر کو بند کرنے کے بجائے فعال کیا جائے اور میں وزیر اعلیٰ صاحب سے یہ بھی مطالبہ کرتا ہوں کہ چونکہ وہ سنٹر ایک رینٹ کی بلڈنگ میں چل رہا ہے تو تحصیل حویلیاں میں ایک ووکیشنل سنٹر کی بلڈنگ کا بھی قیام عمل میں لایا جائے تاکہ بچے جو ہیں، وہ وہاں پہ ٹیکنیکل ایجوکیشن سے مستفید ہو سکیں۔

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: شکریہ۔ مسٹر شاہ فرمان، پلیز۔

<u>جناب شاہ فرمان (وزیر اطلاعات)</u>: شکریہ جناب سپیکر۔ نلوٹھا صاحب نے جو بات کی ہے، اس میں Specifically یہ سنٹر ختم کرنے کی بات نہیں ہے۔ ایک پالیسی کے تحت جہاں پر سٹوڈنٹس کم ہیں، جیسے انہوں نے خود فرمایا کہ جہاں پہ سٹوڈنٹس کم ہیں اور اس کے اوپر خرچے زیادہ آتے ہیں، سٹاف زیادہ ہے اور سٹوڈنٹس نہیں آتے یا نہیں ہیں تو یہ بالکل اگر سو سٹوڈنٹس اس میں ہو جائیں تو اس کی فعالی کی بھی بات ہو سکتی ہے، وہاں پر سٹاف بھی آ سکتا ہے، دوبارہ بھی فعال کیا جا سکتا ہے اور جو مشینریاں یا جو بھی اس کی

ضروریات ہیں، بالکل میں چیف منسٹر کے Behalf پر آپ کو یہ ایشورنس دیتا ہوں کہ اگر وہاں پر سو بچے ہو جاتے ہیں تو جو بھی اس سنٹر کی Requirement ہو گی، وہ بھی، وہ سنٹر بھی رہے گا اور وہ فعال بھی ہو جائے گا ان شاء اللہ۔

جناب قائمقام سپیکر: جی، سردار صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب، جس طرح میں نے کہا کہ وہاں پہ ایک آدمی تھا جی، سٹاف کا ایک پرنسپل تھا اور دو یا تین کلاس فور اس کے ساتھ تھے تو اس وجہ سے وہ غیر فعال ہو گیا تھا، اب آپ اس سنٹر کو دوبارہ کھولنے کے احکامات صادر کریں اور سٹاف وہاں پہ دیں تو سو سے زیادہ بچے اگر نہ ہوئے تین مہینوں کے اندر اندر تو میری ذمہ داری ہے، بے شک آپ بند کر دیں لیکن اس طرح اس سنٹر کو بند کرنے سے غریب لوگوں کو بڑی تکلیف پہنچتی ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ مسٹر شاہ فرمان۔

وزیر اطلاعات: ٹھیک ہے، جناب سپیکر! اس پہ بیٹھ کر بات کرتے ہیں کہ کس طرح اس کو فعال کریں اور کس طرح اس کو Re open کریں، وہ نلوٹھا صاحب کے ساتھ بیٹھ کے میں سی ایم صاحب سے بات کر لوں گا، سی ایم صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے بات سنی ہے، In principle اس بات پر Agree ہیں، اگر سو سٹوڈنٹس ہیں تو اس کے لئے ہم کوئی بھی انتظامات کرنے کو تیار ہیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ابھی تو وہاں پہ ٹوٹل سینتالیس بچے ہیں اور میں نے کہا ہے، اس وجہ سے وہاں پہ جو سٹوڈنٹس ہیں وہ کم ہوئے ہیں کہ سٹاف نہیں تھا، مشینری نہیں تھی، اس کو فعال اگر کیا جائے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ تین مہینوں کے اندر اندر سو نہیں دو سو بچے وہاں پہ ہونگے۔ چونکہ ایبٹ آباد میں ایک سنٹر ہے اور حویلیاں سے ایبٹ آباد کرایہ اور پھر آنے جانے میں جو ٹائم لگتا ہے تو اس وجہ سے بچوں کو بڑی تکلیف ہو گی، تو مہربانی کر کے پچاس سالوں سے، چالیس سالوں سے وہاں پہ وہ سنٹر کام کر رہا تھا تو اب اس کو بند کرنا، یہ میرے خیال کے مطابق ان لوگوں کے ساتھ زیادتی ہے، آپ اس سنٹر کو فی الفور شروع کروائیں اور سٹاف وہاں پہ دیں تو پھر اگر وہاں پہ بچے نہ ہوئے تو پھر میری ذمہ داری ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: شاہ فرمان صاحب! بہتر یہی ہے کہ آپ نلوٹھا صاحب کے ساتھ میرے خیال میں بیٹھ کے یہ مسئلہ جو ہے، تو۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر، یہی میں نے عرض کیا کہ نلوٹھا صاحب کے ساتھ بیٹھ کے بالکل جو طریقہ کار ہے، یہ فعال ہو سکتا ہے اور چیف منسٹر صاحب سے ریکویسٹ کر لیں گے، وہ کوئی مسئلہ نہیں ہے، صرف یہ ایشورنس ہے کہ اس میں کس طرح اس کو جو ہے ناں وہ فعال بنایا جائے تو وہ آپ کے ساتھ بیٹھ کے جس طرح آپ مطمئن ہوں گے، جس طرح آپ چاہیں گے اسی طرح ہو گا ان شاء اللہ۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ محترمہ دینا ناز۔

محترمہ دینا ناز: تھینک یو، سپیکر صاحب۔ یہ نلوٹھا صاحب! آپ کو یہ کلیئر ہے کہ یہ جس سنٹر کا آپ ذکر کر رہے ہیں، یہ ٹیکنیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کر رہا ہے یا سوشل ویلفیئر کے بھی وہاں پہ ہمارے دو ووکیشنل سنٹرز کام کر رہے ہیں ایبٹ آباد میں، آپ کو اگر یہ کلیئر ہے کہ یہ ووکیشنل ٹریننگ کے سنٹرز ہیں تو پھر تو ٹھیک ہے جو شاہ فرمان صاحب فرما رہے ہیں، ان کی بات صحیح ہے کہ جو ان کی پالیسی ہے لیکن اگر سوشل ویلفیئر کی بات ہو رہی ہے تو پھر اس کا تھوڑا سا میں کلیئر کر دوں کہ ایبٹ آباد میں ہمارے دو ووکیشنل سنٹرز کام کر رہے ہیں تحصیل حویلیاں میں، اس میں ایک ہمارا ووکیشنل سنٹر ہے محلہ قصابان اور اعظم خان روڈ پہ اور یہ جو ہے 13-2012 کی ایک اے ڈی پی کا تھا اور اس کو Continue کر دیا گیا اور اس کا سٹاف ختم ہو گیا تھا لیکن اس کی جگہ پہ اور سٹاف کام کر رہا ہے اور یہاں پر گیارہ بچیاں جو ہیں، ابھی بھی وہ ووکیشنل ٹریننگ لے رہی ہیں اور دوسرا ہمارا ووکیشنل ٹریننگ سنٹر جو ہے، وہ ہے گاؤں کول پایاں یوسی دیوال میں، یہ تحصیل حویلیاں میں ہے ضلع ایبٹ آباد میں اور اس اے ڈی پی کے تحت ابھی بھی یہ کام کر رہا ہے اور اس میں 25 لڑکیاں جو ہیں ناں وہ زیر تربیت ہیں، تو یہ کلیئر ہونا چاہیے کہ آیا آپ جو ذکر کر رہے ہیں یہ ٹیکنیکل ایجوکیشن کا ہے یا سوشل ویلفیئر کا ہے؟

(شور)

جناب قائمقام سپیکر: جی، مسٹر جعفر شاہ، پلیز۔

جناب جعفر شاہ: اس طرح ہے، نلوٹھا صاحب! آپ تینوں بیٹھ جائیں ناں۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میں یہ بات ذرا میڈم کو بتانا چاہتا ہوں۔

وزیر اطلاعات: یہ ہم نے اس لئے ڈبل جواب دے دیا کہ یہ نلوٹھا صاحب Decide کریں کہ اگر وہ سوشل ویلفیئر کے اندر آتا ہے، سوال پوچھا گیا ہے تو پھر یہ پالیسی ہے اور ٹیکنیکل ووکیشنل ہے تو ہم نے بات بتا دی ہے ان کو۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: جی، سید جعفر شاہ پلیز۔
سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب، یہ ووکیشنل سنٹر نہیں ہے، یہ ٹیکنیکل ہے۔
جناب جعفر شاہ: چلو بات کلیئر ہو گئی۔
جناب قائمقام سپیکر: ٹیکنیکل ایجوکیشن ہے، صحیح ہے جی۔ جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: تهینک یو، جناب سپیکر۔ سپیکر صاحب، یو اهم مسئلې طرف ته ستاسو توجه راګرځوم او د دې هاؤس، نن جی د سوات، چیف منسټر صاحب هم دلته تشریف فرما دے، د سوات نه درې سوه بیوپاریان چې هغه د مشروم کاروبار کوی، هغوی نن راغلی وو او هغوی وئیل چې مونږ د اسمبلئ نه ګهیراؤ اچوؤ نو مونږ ورسره بیا د سوات ټول ایم پی ایز چې هغې کښې عزیز الله، ملک بهرام صاحب، مونږ ټول ورسره کښیناستو او هغوی سره مو خبره اوکړه چې مونږ به اسمبلی فلور باندې دا خبره د حکومت په نوټس کښې راولو۔ دا ده جی چې حکومت مونږ ورته جی ګوجئ وایو، ګوجئ د مشروم یو قسم دے او هغه هلته کښې پیدا کیږی او یتیمانان، کنډې، غریبانان ، چې کوم Marginalized خلق دی د سوسائټی، هغوی ځان له هغه دوه میاشتې کاروبار کښې انډس کوهستان، سوات کوهستان کښې، دیر کوهستان کښې او هغوی ځان له د پینځو سوؤ ، شپږو سوؤ روپو، د زر روپو هغه د میاشتې یا د دوه هفتو هغه خرڅوی، نو حکومت په هغې باندې پینځه سوه روپئ کلو ټیکس لګولے دے او هغه ټیکس په وجه باندې اوس کوم چې بیوپاریان دی نو هغوی هغه چې څو ک ئې راغونډوی، هغه مزدورانو ته کم ریټ ورکوی نو هغه د خدائے غریبانان دی، هغوی راغلی دی دلته ژاړی، زما به د متعلقه انوائرونمنټ منسټر صاحب ته دا خواست وی چې فوری طور د محکمې ته دا هدایت ورکړی چې دغه ټیکس نه دا این ټی ایف پی نان ټمبر فارسټ پروډیوس دے چې هغه د دې غریبانانو دا ژوند لکوټی په قلاره شی او هغوی هغه خپله مزدوری کوی۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ مسٹر شاہ فرمان۔ جی، اشتیاق ارمڑ پلیز۔ اشتیاق ارمڑ مائیک آن کریں۔

سید محمد اشتیاق: جناب سپیکر صاحب! په دې سلسله کښې وختی هم زمونږ دا خبره شوې وه چې دا کوم مشروم راځی، په دې سلسلې کښې وزیر اعلیٰ صاحب ته دا

خبره اوشوه۔ هغه بيا سيكرټري صاحب سره دا خبره اوكړه او سيكرټري صاحب په ډيكښې دا خبره اوكړه چې يره پير په روغ تاسو زما دفتر ته راشئ او په دې سلسله كښې به هلته خبره اوكړو، چې كومه لار راوتلې شي، كومه Possible لار وي، ان شاء الله هغه به كوؤ او ان شاءالله دا چې كوم مشكلات دي، دا به لرې كړو ان شاءالله۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔

جناب جعفر شاہ: دوئ د ماته دا يقين دهاني راكړي، اشتياق خان چې دا ټيكس به واپس واخلي ځكه چې سيكرټري صاحب هغه خو يو خبره پيژني، وائي چې نه منم۔ مونږ ورته نن ملك بهرام صاحب هم نشته او عزيز الله ګران هم وو، نو هغوی دا خبره اوكړه چې زه خو نه منم، زه خو به پينځه سوه روپئ اخلم، نو هغه خلق به هغه بزنس پريږدي جي او سوات خو هسې هم تباه شوے دے جي، لس كالو نه سيلابونه او دهشت ګردي او شورش او چې دا كاروبار هم بند شي نو دا به بيا مونږ ته ډيره لويه مسئله جوړيږي۔ اشتياق خان! زمونږ يقين دهاني اوكړه۔

جناب قائمقام سپیکر: فیڈرک عظیم صاحب! کوشش کریں، جلدی بات کریں، ایجنڈا بہت زیادہ ہے، میں پھر ٹائم، آپ خفا بھی ہوتے ہیں فیڈرک عظیم صاحب۔

جناب فریڈرک عظیم: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ حکومت نے اقلیتی ممبران پہ بڑی مہربانی کی اور اے ڈی پی 14-13 کے لئے 48 لاکھ روپیہ ہم دو ممبرز کو اور ساٹھ لاکھ روپیہ سپیشل اسسٹنٹ صاحب کو دیا گیا لیکن آج 8 مئی ہو گئی ہے لیکن ابھی تک اس پر کوئی عملدرآمد نہیں ہوا۔ دوسری بات میری یہ ہے کہ کیا حکومت 15-2014 میں ہم پر کوئی مہربانی کرنے والی ہے اور یہ آئندہ بجٹ میں ہمارے فنڈز جو ہیں، وہ Increase کئے جائیں گے؟ اس کا مجھے جواب دیا جائے۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جناب۔ میں ایجنڈے پہ آتا ہوں پھر ان شاءاللہ بات کرتے ہیں۔

قراردادیں

Mr. Acting Speaker: Madam Aamna Sardar, MPA, to please move her resolution No. 494, in the House. Madam Aamna Sardar.

جناب فریڈرک عظیم: جناب سپیکر صاحب!

جناب قائمقام سپیکر: پلیز آپ بیٹھ جائیں، ایجنڈا ختم ہو جائے، آپ نے بات کر لی ہے، جواب آپ کو مل جائے گا ان شاء اللہ۔ آمنہ سردار، پلیز۔

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ جناب سپیکر۔ چونکہ خیبر پختونخوا میں بہت سے سکولوں اور کالجوں میں لڑکے اور لڑکیاں اکٹھے تعلیم حاصل کرتے ہیں جو کہ ہماری مذہبی اور معاشرتی روایات کے برعکس ہے اور اس سے بچوں پر برے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ہمارے مذہب میں Co-education مرد و زن کا اختلاط ایک ناپسندیدہ عمل ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ تمام سرکاری اور غیر سرکاری سکولوں اور سر یہاں پر انٹر Missing ہے، انٹر کالجوں میں طلباء اور طالبات کے لئے علیحدہ علیحدہ کلاسز کا انتظام کیا جائے اور اس امر کا بھی خیال کیا جائے کہ بریک ٹائم اور چھٹی کے وقت بھی لڑکے لڑکیوں کا اختلاط نہ ہو۔

جناب سپیکر! میں تھوڑی سی اس کی وضاحت اس لئے کرنا چاہونگی کہ میری بہت سارے ڈاکٹرز اور سائیکاٹرسٹس اور سائیکولوجسٹس Different لوگوں سے اس پہ بات ہوئی ہے کہ Teenage کے جو بچے ہوتے ہیں، وہ ارد گرد کے ماحول سے بہت زیادہ اثر لیتے ہیں اور ان میں چونکہ Physiological اور Hormonal changes آرہی ہوتی ہیں، وہ زیادہ Hyper ہو جاتے ہیں اور اس وجہ سے آج کل جو Suicide attempts ہو رہے ہیں جو زیادہ بچے خودکش اپنے اوپر کوششیں کرتے ہیں، وہ اسی کا نتیجہ ہوتی ہیں تو اس لئے میں یہ سفارش کر رہی ہوں جی۔ بہت شکریہ۔

جناب قائمقام سپیکر: The motion before the House is، گورنمنٹ سے کوئی جی، عارف یوسف، پلیز۔ شاہ فرمان، پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: آج تو دو دو منسٹرز کھڑے ہو رہے ہیں۔

جناب شاہ فرمان (وزیر اطلاعات): شکریہ جناب سپیکر۔ چلو اپوزیشن نے یہ مان لیا کہ آج دو دو کھڑے ہوتے ہیں، پہلے اس کا جو شکوہ تھا اس کا بالکل الٹ تھا کہ منسٹر ہوتے نہیں ہیں۔ جناب سپیکر، In principle جو آمنہ سردار صاحبہ نے کہا، یہ بالکل درست ہے، اس حد تک درست ہے کہ اگر اکٹھے Co-education کے اندر، خاص کر ایک Age تک اگر یہ بات ہے تو بالکل لیکن یہ چونکہ اتنا آسان کام نہیں ہے تو As a policy یہ چیز Adopt کرنی چاہیئے۔ یا تو کوئی ایشو ایسا ہو کہ اس کے لئے آپ Instantly order جاری کر لیں، چونکہ اس کے لئے ایک پالیسی ہونی چاہیئے اور اس پالیسی کے تحت بہت زیادہ اس

